

## مشق



**1** نیچے دیے گئے جملوں میں کچھ الفاظ کے نیچے لکیر لگائی گئی ہے۔ ان الفاظ کے معانی پر دائرہ بنائیں۔

(i) اللہ ہماری **دھرتی** کو سلامت رکھے۔

ا۔ شہر　　ب۔ زمین　　ج۔ علاقے

(ii) ۲۔ہمارے وطن کے **دم** سے ہماری شان ہے۔

ا۔ ذات　　ب۔ وجہ　　ج۔ آبادی

(iii) پاکستان کی خوبصورتی کا پوری دُنیا میں **چرچا** ہے۔

ا۔ شہرت　　ب۔ جشن　　ج۔ مقابلہ

(iv) ہم سب کو پاکستان کے ہر شہر اور ہر **نگر** سے پیار ہے۔

ا۔ علاقہ　　ب۔ کونہ　　ج۔ سبزہ

(v) ہمارے مُلک کا ہر حصّہ ہمارا **مِیت** ہے۔

ا۔ کونہ　　ب۔ جہان　　ج۔ دوست

Not For Sale- PESRP





**2** نیچے کچھ الفاظ دیے گئے ہیں۔ ان الفاظ کے جملے بنائیں۔

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| نگر | ہمیں پاکستان کے ہر نگر سے پیار ہے۔ |
| دھرتی | اللہ ہماری دھرتی کو سلامت رکھے۔ |
| چرچا | پاکستان کی خوبصورتی کا پوری دنیا میں چرچا ہے۔ |
| آباد | اللہ ہمارے وطن کو آباد رکھے۔ |

**3** ایسا گیت جس میں وطن سے محبت کا اظہار کیا جائے ملی نغمہ کہلاتا ہے۔ تین سے چار جملوں میں لکھیں کہ شاعر اس ملی نغمے میں اپنے وطن سے کیا کہہ رہا ہے؟

شاعر اپنے وطن سے محبت کا اظہار کرتے ہوئے کہتا ہے کہ ہم اپنے وطن کو ہمیشہ آزاد اور آباد دیکھنا چاہتے ہیں۔ ہمیں اپنے وطن کی ہر شے سے پیار ہے۔ اپنے وطن کی وجہ سے ہی دنیا میں ہماری بقا ہے اور ہر جگہ ہمارے وطن کا چرچا ہے۔

 

**4** مندرجہ ذیل جملوں میں الفاظ کی ترتیب درست کریں۔

(i) پاکستان پیارا ہمارا ہے وطن۔

ہمارا پیارا وطن پاکستان ہے۔

(ii) پاکستان کے دم ہماری شان سے ہے۔

پاکستان کے دم سے ہماری شان ہے۔

(iii) ہر ذرّہ پاکستان کا ہمیں ہے عزیز۔

ہمیں پاکستان کا ہر ذرہ عزیز ہے۔

(iv) ہم آزاد کو پاکستان دیکھنا چاہتے ہیں۔

ہم پاکستان کو آزاد دیکھنا چاہتے ہیں۔



Not For Sale - PESRP



**5** ( ) میں دیے گئے الفاظ کے متضاد کو خالی جگہ میں لِکھ کر جُملے مکمل

(i) میرا جوتا ___نیا___ ہے۔ (پُرانا)

(ii) وہ اب ___تندرست___ ہے۔ (بیمار)

(iii) آج موسم ___ٹھنڈا___ ہے۔ (گرم)

(iv) سورج ___طلوع___ ہو چُکا ہے۔ (غروب)

(v) سکول تک کا راستہ بہت ___طویل___ ہے۔ (مختصر)




# مشق

**1** اُردو کے اکثر الفاظ میں (ھ) کا استعمال ہوتا ہے۔مثال کے طور پر 'بھاری'، 'کھانا' اور 'گھاس'۔ آپ کے سبق میں کچھ ایسے الفاظ موجود ہیں۔ ان الفاظ کو سامنے رکھتے ہوئے ارکان ملائیں:

(i) تھ + ی + ں = تھیں

(ii) پو + چھ + نے = پوچھنے

(iii) ڈ + ھ + یر = ڈھیر

(iv) جھ + ا + ڑو = جھاڑو

(v) ا + چھ + ے = اچھے

**2** نیچے دیے گئے جملوں میں کچھ الفاظ کے نیچے لکیر لگائی گئی ہے۔ ان الفاظ کے درست معانی کے گرد دائرہ بنائیں۔

(i) دادی امّاں نے سب کو وقت کی پابندی کا مظاہرہ کرنے کو کہا۔

ا۔ ڈرامہ    ب۔ کچھ کر کے دکھانا    ج۔ شور مچانا



Not For Sale - PESRP





(ii) نعمان نے دادی امّاں کی بات سن کر **منہ بسورا**۔

ا۔ خوشی دکھانا　　ب۔ پریشانی دکھانا　　ج۔ برا منانا

(iii) ہمیں اپنے ماحول کا خیال رکھنا چاہیے۔

ا۔ ندی　　ب۔ میدان　　ج۔ آس پاس کا علاقہ

(iv) دادی امّاں نے علی کی **تیمارداری** کی۔

ا۔ بیماری ختم کرنا　　ب۔ پٹی کرنا　　ج۔ بیمار کا حال پوچھنا

## 3 ان الفاظ کے جملے بنائیں:

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| مظاہرہ | ہم نے خوش دلی کا مظاہرہ کیا۔ |
| منہ بسورنا | علی نے اُستاد کی بات سُن کر منہ بسورا۔ |
| ماحول | ہمیں اپنے ماحول کو صاف ستھرا رکھنا چاہیے۔ |
| تیمارداری | دادی نے علی کی تیمارداری کی۔ |

Not For Sale- PESRP





**4** ان سوالات کے جواب دیں۔

(i) دادی امّاں کیوں پریشان تھیں؟

کیونکہ ان کا ہمسایہ علی دو دن سے دادی کے پاس
کہانی سننے نہیں آیا۔

(ii) جب احمد نے سڑک پار کرنا چاہی تو دادی امّاں نے کیا کہا؟

دادی نے کہا کہ تمہیں قانون کے مطابق سگنل کے سبز ہونے کا
انتظار کرنا چاہیئے اور سڑک ہمیشہ زیبرا کراسنگ سے پار کرنی چاہیئے۔

(iii) شکریہ ادا کرنے پر دادی امّاں نے علی کی امّی کو کیا کہا؟

دادی نے کہا اچھے شہری دوسروں کی مدد
کرتے ہیں۔

(iv) دادی امّاں نے بچوں کو گھر سے کیا لانے کا کہا؟

دادی اماں نے بچوں کو گھر سے جھاڑو لانے کا
کہا۔

5 فعل مستقبل ہمیں آنے والے وقت میں کسی کام کے ہونے کے بارے میں بتاتا ہے۔ مثال کے طور پر ہم ملتان گئے تھے تبدیل ہو کر بنے گا ہم ملتان جائیں گے۔ نیچے کچھ جملے دیے گئے ہیں۔ ان جملوں کو فعل مستقبل کے لحاظ سے تبدیل کریں۔

(i) سارا کام کرتی ہے۔

سارا کام کرے گی۔

(ii) آمنہ چاول کھاتی ہے۔

آمنہ چاول کھائے گی۔

(iii) زاہد کتاب پڑھتا ہے۔

زاہد کتاب پڑھے گا۔

(iv) علی کھڑکی سے باہر دیکھتا ہے۔

علی کھڑکی سے باہر دیکھے گا۔



Not For Sale - PESRP



کام کرنے والا فاعل ہوتا ہے۔
لیکن جس پر کام ہوتا ہے، اسے
مفعول کہتے ہیں۔

مثلاً
علی نے دودھ پیا۔

اس جملے میں فاعل علی ہے اور علی نے
کیا کام کیا؟ علی نے دودھ پیا ۔ پینا فعل ہے۔
لیکن کام کس پر ہوا؟ علی نے کیا پیا؟ دودھ۔ اسی لیے دودھ مفعول ہے۔

نیچے دیے گئے جملوں میں مفعول کے گرد دائرہ لگائیں۔

1. حامد فُٹ بال کھیل رہا ہے۔
2. عابد نے بَلّا گھمایا۔
3. ابّو گاڑی چلا رہے ہیں۔
4. ماہین بچوں کو پڑھا رہی ہے۔
5. امّی نے ٹیلی فون خریدا۔





نیچے کچھ جملے دیے گئے ہیں ان جملوں میں سے
فعل ، فاعل اور مفعول کو درست خالی جگہوں میں لکھیں۔

1. امی کھانا پکاتی ہیں۔
2. عامر نے نئی قمیص خریدی۔
3. عائشہ نے تصویر بنائی۔
4. بلی مرغی کے پیچھے بھاگ رہی ہے۔
5. کشتی پانی میں چل رہی ہے۔
6. ابو گاڑی صاف کر رہے ہیں۔

| فاعل | فعل | مفعول |
|---|---|---|
| امی | پکاتی | کھانا |
| عامر | خریدی | قمیص |
| عائشہ | بنائی | تصویر |
| بلی | بھاگ رہی ہے | مرغی |
| کشتی | چل رہی ہے | پانی |
| ابو | صاف کر رہے ہیں | گاڑی |



Not For Sale -




یہ گھر احمد کا ہے۔

اُوپر دیے گئے جملے میں ہمارے پاس دو اسم ہیں:۔

① گھر ② احمد

اس جملے میں حرف (کا) بتا رہا ہے کہ گھر اور احمد میں کیا تعلق ہے۔ کا ، کے ، پر ، میں اور نے وہ حروف ہیں جو کسی اسم کو اسم کے ساتھ یا اسم کو فعل کے ساتھ ملاتے ہیں۔ نیچے کچھ جملے دیے گئے ہیں۔ ان جملوں کو کا ، کے ، پر ، میں اور نے لگا کر مکمل کریں۔

① بس سٹاپ ___پر___ ہجوم تھا۔

② برتن الماری ___کے___ اندر تھے۔

③ مچھلیاں پانی ___میں___ تیر رہی ہیں۔

④ آمنہ ___نے___ کھیر پکائی

⑤ علی ___کا___ قلم خوبصورت ہے۔





# شیر اور چوہا

کہانی بنائیں۔

نیچے دیے ہوئے ارکان سے الفاظ بنائیں۔ پھر ان کو کہانی میں درست جگہ پر لکھیں۔

1. جں + گل = جنگل
2. شک + ار = شکار
3. چو + ہا = چوہا
4. پن + جے = پنجے
5. کر + یں = کریں
6. مہر + با + نی = مہربانی
7. گز + را = گزرا
8. آ + وَ + ں = آؤں
9. شے + ر = شیر
10. ہں + سی = ہنسی

